سرکلر نمبر 2025/35

| | |
|---|---|
| ازدفتر | انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور |
| بجانب | جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب |

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/38499 مورخہ 02-05-2025

عنوان:- **ہدایات بابت صفائی گندم قبل ازوقت پسائی**

بحوالہ دفتر ہذا سرکلر نمبری 2025/29 جاری شدہ چٹھی نمبری 730-32687 مورخہ 15.04.2025 بعنوان بالا

اس ضمن میں تحریر ہے کہ تقریباً ہر جیل پر گندم کی سپلائی ہو چکی ہے اور ہر جیل پر ترپال بھی مہیا کر دیے گئے ہیں تاکہ گندم کی مینوئل صفائی ترپال پر اچھے طریقے سے کی جاسکے جبکہ ترپال پر گندم کی مینوئل صفائی کی متعلقہ واٹس گروپ میں شیئر شدہ ویڈیوز کو دیکھنے کے بعد مجاز اتھارٹی کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ گندم کی صفائی طے شدہ SOPs اور اچھے طریقے سے نہ ہو رہی ہے۔ اس اثناء میں درج ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں:-

1- ترپال پر گندم پھیلا کر اسیران سے گندم کی صفائی کروائی جائے گی۔

2- گندم کے ہر تھیلا جو صفائی کے لیے دیا جائے گا اس پر باقاعدہ نمبر لگایا جائے گا اور گندم صفائی پر متعین قیدی کا نام لکھا جائے گا جب قیدی اپنے مقرر کردہ گندم کے تھیلے کی صفائی کرلے گا تو دوبارہ تھیلے میں بھرائی سے قبل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ انچارج کچن اور سٹور کیپر گندم کی صفائی کو چیک کریں گے اور تسلی کے بعد دوبارہ بھروائی کروائیں گے اور اپنے دستخط جلی حروف میں انمٹ بلیک مارکر (Permanent Marker) بمعہ تاریخ اس تھیلے پر ثبت کریں گے۔

3- چکی پر پسائی سے قبل سپرنٹنڈنٹ جیل اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کسی بھی تھیلے کو اچانک چیک کریں گے تاکہ صفائی کے معیار کا جانچا جاسکے اور صفائی اچھے طریقے سے نہ ہونے کی صورت میں ذمہ داران کا تعین ہو سکے۔

4- تسلی بخش مینوئل صفائی کے بعد گندم کی بذریعہ گریڈر صفائی کروائی جائے گی اور اس کے بعد پسائی ہو گی۔

5- تمام تر مراحل کی ویڈیوز متعلقہ واٹس گروپ میں شیئر کی جائیں گی۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/510-38500 مورخہ 02-05-2025

1- کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی۔ صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

2- کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی انچارج CMMC دفتر ہذا اس ہدایت کے ساتھ تمام جیلوں سے واٹس گروپ میں آمدہ ویڈیوز کو مجاز اتھارٹی کو دکھائیں گے۔

3- کاپی برائے اطلاع سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل شاہ پور اس ہدایت کے ساتھ اوپر دی گئی ہدایت کی روشنی میں ماڈل ویڈیو بنا کر مجاز اتھارٹی کو شیئر کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CS CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 36

از دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 39268-310 مورخہ 06/5/25

عنوان:- **خصوصی ہدایات برائے تیار کیے جانے کھانا برائے اسیران**

بحوالہ بعنوان بالا

جناب انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کے مختلف جیلوں کے دوروں کے دوران یہ امر مشاہدہ میں آیا ہے کہ اکثر جیلوں پر ناشتہ برائے اسیران تقسیم سے تقریباً 8 گھنٹے قبل رات کو ہی تیار کر دیا جاتا ہے اسی طرح دوپہر اور شام کھانا تقسیم سے 06 سے 07 گھنٹے قبل تیار کر لیا جاتا ہے اور تیار شدہ روٹیوں کو گرم اور نرم رکھنے کے لیے کوئی مناسب انتظام موجود نہ ہے اور یہ عذر پیش کیا جاتا ہے کہ گیس وغیرہ کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے قبل از وقت کھانا تیار کیا گیا ہے جو جیل انتظامیہ کی طرف سے یہ انتہائی نامناسب عمل ہے اور حفظان صحت کے اصولوں کے خلاف بھی ہے کیونکہ پکا ہوا کھانا زیادہ دیر تک پڑا رہنے کی وجہ سے ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور اس کی غذائیت کم ہونے کے ساتھ ساتھ ذائقہ بھی برقرار نہ رہتا ہے۔

لہٰذا اس سلسلہ میں آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ناشتہ، دوپہر اور شام کا کھانا اسیران کی گنتی کے حساب سے تیار کیا جائے تا کہ کھانے کا معیار برقرار رہے مزید یہ ملاحظہ والا کھانا اگلا کھانا کی تیاری تک کچن اسیران میں دستیاب ہوتا ہے جس کی غذائیت اور ذائقہ برقرار نہ رہتا ہے دوران وزٹ، وزٹنگ آفیسران کے چیک کرنے پر اچھا تاثر نہ جاتا ہے اس لیے ملاحظہ والا کھانا اسیران میں تقسیم کے فوراً بعد کچن اسیران سے اٹھا لیا جائے گا اور گیس کی لوڈشیڈنگ کی صورت میں متبادل ایندھن کے طور پر لکڑی خشک استعمال کی جائے۔ ناشتہ، دوپہر اور شام کا کھانا تیار کرنے کے لیے گنتی کے حساب سے درج ذیل شیڈول کو اپنایا جائے:-

| سیریل نمبر | گنتی اسیران | ٹائم |
|---|---|---|
| .1 | 4000 سے زیادہ | 04 سے 05 گھنٹے قبل |
| .2 | 2000 سے 4000 | 03 سے 04 گھنٹے قبل |
| .3 | 1000 سے 2000 | 02 سے 03 گھنٹے قبل |

مزید یہ کہ گورنمنٹ کی ترجیحات میں شامل ہے کہ جیلوں میں مقید اسیران کو گرم اور لذیز کھانا مہیا جائے اس سلسلہ میں گندم خرید کر کے جیلوں پر نصب شدہ آٹا چکیوں سے پسائی کا عمل شروع ہو چکا ہے تاکہ اسیران کو بہترین آٹا سے تیار شدہ روٹی مہیا کی جا سکے۔

درج بالا ہدایات پر من وعن عمل درآمد کو یقینی بنائیں جیلوں کے شیڈول اور اچانک دوروں کے موقع پر متذکرہ بالا ہدایات پر عمل درآمد کو چیک کیا جائے گا عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ افسران واہلکاران کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

سرکلر ہذا کی وصولی کا سرٹیفیکیٹ دفتر ہذا کو فوری طور پر ارسال کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 39311-18 مورخہ 06/05/25

کاپی برائے اطلاع وضروری کارروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی۔صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

CamScanner

CamScanner

Circular No.2025/ 37

Memo No./Estt./2025/ 39541-92

**INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

Dated Lahore the 07-05-2025

To,

i. All the Regional DIG Prisons in the Punjab.

ii. All the Superintendent of Jails in the Punjab.

**Subject:** **STRICT ADHERENCE TO THE PUNJAB PRISONS SERVICE RULES 2025, PAKISTAN PRISONS RULES, 1978 AND PUNJAB EMPLOYEES EFFICIENCY, DISCIPLINE & ACCOUNTABILITY ACT (AMENDED), 2017 --- INSTRUCTIONS THEREOF.**

It has been observed with great concern that some Deputy Inspectors General (DIGs) of Prisons are exceeding their legally defined authority by initiating and concluding disciplinary proceedings against Warders (BS-07) / equivalent posts and issuing earned leave orders of these categories. Similarly, instances have come to light where Superintendents of Jails have acted beyond their jurisdiction by taking disciplinary actions against Head Warders (BS-09) & Chief Warders (BS-11) / equivalent posts and also sanctioning earned leaves. These actions have no legal standing under the prevailing rules & service regulations. Such overreach has resulted in complications and embarrassment before the Hon'ble Courts.

2. In view of the above, all Regional DIG Prisons & Superintendent of Jails are hereby requested to thoroughly review and adhere to the relevant provisions of the Punjab Prisons Service Rules, 2025, Pakistan Prisons Rules, 1978 and Punjab Employees Efficiency, Discipline & Accountability Act (amended), 2017 and other applicable service regulations and act accordingly. Disciplinary and administrative powers must be exercised within the scope of authority lawfully defined in the sipra rules.

3. Any deviation / violation from the prescribed procedures authority will be treated as misuse of authority. Please ensure strict compliance of the instructions and acknowledge receipt.

**DIG (Headquarters)**
**Inspectorate General of Prisons**
**Punjab, Lahore**

CS CamScanner

Circular No. 38

**FAX MESSAGE**

Memo:No. Health/2025/ 40274-325

**INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB LAHORE**

Dated Lahore, the 08/05/25

To

1. The D.I.G Prisons of all Regions in the Punjab
2. The Superintendent of all Jails in the Punjab

Subject: **SANCTION FOR SHIFTING OF UNDERTRIAL PRISONERS FOR MEDICAL SHIFTING**

Please refer to the subject noted above.

It is to inform that Government of the Punjab Home Department has directed vide letter No.SO(R&P) 23-2/18 (P-V) dated 18.01.2018 **(copy enclosed)** that:

In future, adopt following practice while submitting the cases for medical shifting of undertrial prisoners:

i. Concurrence of the concerned trial court be obtain first.
ii. **2nd opinion must reflect the name and designation of Consultant / Physician / Surgeon / Specialist.**

In this regard, sanction cases from Jails through respective D.I.G Regions for shifting of prisoners to outside jail hospitals for treatment purpose are being received at Inspectorate frequently without reflecting the name and designation of Consultant / Physician / Surgeon / Specialist on 2nd opinion.

Keeping in view of above, it is requested that in future **no medical shifting case will be entertained without reflecting the name and designation of Consultant / Physician / Surgeon / Specialist on 2nd opinion.**

Please ensure strict compliance in true letter & spirit and acknowledge receipt.

**Technical Officer (Health)**
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

**DA as above**

CamScanner

Circular No.2025/ 39

JB/G-I/2025/ 41056 - 99

*OFFICE OF THE*
*INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS*
*PUNJAB LAHORE*

Dated Lahore, the 09-05-2025

To

All the Superintendents of Jails in the Punjab

Subject: NOTIFICATION UPON RELEASE OF SEX OFFENDERS

Please refer to the subject cited above.

It is imperative that all prisons in Punjab strictly adhere to Rule 10(4) of Anti-Rape Sex Offenders Register Rules, 2023 which states ***"the concerned superintendent of prison shall notify to the Officer-in-Charge of the police station where the offender will be residing fifteen days prior to the release of the offender."*** (according to section 2(h) of Anti Rape (Investigation & Trial Act, 2021) sex offender includes any person convicted under sections 292-A, 292-B, 292-C,371-A, 371-B, 375, 375-A, 376, 377, 377-A, 377-B, PPC and sections 21 and 22 of the Prevention of Electronic Crimes Act. 2016(Act XL of 2016).

Moreover, in the line with the memorandum issued vide No.7477/INV/HA/L dated 12.05.2025 by the office of Addl: Inspector General of Police, Investigation Branch Punjab, the Superintendent Jail will convey the information regarding notification upon the release of sex offenders to the Incharge Police Station through CCPO/CPO/DPO concerned in the Punjab.

Forgoing in view, it is requested to ensure full compliance of this rule.

A.I.G (JUDICIAL)
for Inspector General of Prisons
Punjab Lahore

CamScanner

Endst.No.2025/41100-10 Dated Lahore, the 09/05/25

Copy forwarded for information to:-

1. The Secretary to Government of the Punjab, Home Department, Lahore. Attention: Section Officer (MP)
2. The Addl. Inspector General of Police, Investigation Branch Punjab with reference to his office letter No.7477/INV/HA/L dated 12.03.2025.
3. All the Regional D.I.Gs Prisons in the Punjab with the request to direct the Superintendent of Jails of their Region to implement the said rule and to take the necessary precautionary measure to safeguard the community and prevent the potential risks as envisaged in law in letter & spirit.

A.I.G (JUDICIAL)
for Inspector General of Prisons
Punjab Lahore

CamScanner

منجانب:

انسپکٹر جنرل جیل خانہ پنجاب لاہور

بجانب:

1. ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
لاہور، راولپنڈی، ساہیوال، فیصل آباد، سرگودھا، بہاولپور، ملتان و ڈی جی خان ریجن

2. سپرنٹنڈنٹس صاحبان جیل خانہ جات پنجاب

چٹھی نمبری/ ہیلتھ/2025/ 41195-901 مورخہ 09/05/25

عنوان: **تحفظ اسیران وملازمین شدید گرمی**

بحوالہ دفتر ہذا کی چٹھی نمبری/ ہیلتھ/ 54-50004 مورخہ 22.05.2024 اور چٹھی نمبری 840-50791 مورخہ 23.05.2024 بعنوان بالا۔
اس ضمن میں تحریر ہے کہ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ آنے والے دنوں میں شدید گرمی/ حبس بڑھنے کی اطلاعات ہیں۔ لہٰذا اس سلسلہ میں ہیٹ سٹروک/ لو سے بچنے کے لیے درج ذیل اقدامات فوری طور پر عمل میں لائے جائیں۔

01. جیل ڈاکٹر موسمی حالات کے مطابق مقامی طور پر ہدایات دیں اور رہنمائی کریں جس میں شدید گرمی سے بچاؤ کی تدابیر شامل ہوں۔
02. جیل رولز 765 اور 769 کے تحت اسیران وملازمین کے لیے صاف اور ٹھنڈے پانی کی فراہمی کا ہمہ وقت بندوبست کیا جائے اور اس پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔
03. جیل رولز 977 کو مدنظر رکھتے ہوئے اسیران کو دن میں زیادہ سے زیادہ سایہ دار جگہ پر رہنے کی ترغیب دی جائے۔
04. ہر جیل میں ہیٹ سٹروک روم کا قیام عمل میں لایا جائے اور ہیٹ سٹروک روم میں آئس باکس اور آئس ہمہ وقت مناسب مقدار میں موجود ہونی چاہیے۔
05. کچن کو ہوادار بنانے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔ ایگزاسٹ فین لگائے جائیں اور پہلے سے چالو ایگزاسٹ فین فنکشنل رکھے جائیں۔
06. اسیران دوپہر کے وقت زیادہ سے زیادہ اپنی بارکوں میں یا فیکٹری میں اور سایہ دار جگہ میں رہیں۔
07. مناسب مقدار میں ORS / Normal Sline Infusions اور جان بچانے والی ادویات وطبی آلات جیل ہسپتال میں موجود رکھیں تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں استعمال میں لائے جاسکیں۔
08. جیل رولز 991 کے تحت ہیٹ سٹروک سے متاثرہ اسیران وملازمین کو فوری طور پر ہیٹ سٹروک روم میں شفٹ کیا جائے اور مناسب علاج معالجہ کیا جائے۔
09. تمام جیلوں پر الیکٹرک واٹر کولر، چلرز اور چھت والے پنکھے درست حالت (Working Condition) میں ہوں۔
10. شدید گرمی سے بچاؤ کے لیے اسیران جیل فارم اور بیرونی پنجہ جات میں صبح 07 بجے تا 10 بجے تک مشقت کیا کریں گے ان اسیران کو صبح 10 بجے سے شام 04 بجے تک ریسٹ دی جائے۔ شام 04 بجے سے شام 06 بجے تک دوبارہ مشقت کروائی جائے۔
11. دھوپ میں دوران مشقت اسیران کو Umbrella Hat پہنائی جائے۔
12. اسیران کی نگرانی پر ماموراہلکاران کو بھی Umbrella Hat پہنائی جائے تاکہ اسیران وملازمین کو شدید گرمی سے بچایا جاسکے۔
13. وہ ملازمین جو مین وال کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں ان کو Umbrella یا Floppy Hat کے بغیر ڈیوٹی پر جانے کی اجازت نہ دی جائے۔
14. وہ ملازمین جو واچ ٹاور پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں وہاں بریکٹ فین کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
15. وہ ملازمین جو واچ ٹاور اور مین وال کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں ان کو چھوٹے (Portable) واٹر کولر (جس میں ٹھنڈا پانی اور برف ہو اور ساتھ پلاسٹک کا گلاس بھی موجود ہو) کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
16. جو اسیران کچن، اندرون پنجہ، بیرون پنجہ میں کام کرتے ہیں اور جو وارڈرز مین وال کے ساتھ دن کے اوقات میں تعینات ہیں ان کو دن میں ایک دفعہ کچی لسی جس کی مقدار کم از کم 200 ملی لیٹر دودھ + 1/4 چائے کا چمچ نمک + 1/4 برف اور پانی 500ml فی نفر روزانہ کی بنیاد پر فراہم کیا جائے۔
17. یہ ہدایات 31 جولائی 2025 تک نافذ العمل ہیں۔

ان ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور compliance رپورٹ / سرٹیفکیٹ دو دن کے اندر ہیڈ آفس بھجوائیں۔

ٹیکنیکل آفیسر (ہیلتھ)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/41

از دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/ شعبہ تھیکہ /2025/ 41137-80 مورخہ 09/05/25

عنوان: - **خواتین بارکس میں موبائل تندور کی فراہمی**

بحوالہ بعنوان بالا

جناب انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کی ہدایت پر آزمائشی طور پر سنٹرل جیل، گوجرانوالہ، ساہیوال اور فیصل آباد میں خواتین وارڈ / بارکس میں موبائل تندور فراہم کیے گئے جو کہ بیک وقت گیس اور لکڑی سے چلائے جاتے ہیں اور ساتھ ہی گنتی کے حساب سے آٹا گندم کے مناسب وزن کے پیڑے دیے گئے تاکہ خواتین اسیران گرم اور تازہ روٹی بنا کر وقت پر کھا سکیں اس تمام تر عمل کو کافی پذیرائی ملی ہے اور سراہا گیا ہے۔

لہذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ خواتین بارکس / وارڈ میں موبائل تندور فراہم کریں اور گنتی کے حساب سے مناسب وزن کے آٹا کے پیڑے دیے جائیں تاکہ وہ تازہ اور گرم روٹی بنا کر کھا سکیں تاہم گیس کی لوڈنگ شیڈنگ کی صورت میں لکڑی کا استعمال بطور ایندھن یقینی بنایا جائے (موبائل تندور کی تصاویر لف ہیں)۔

مزید یہ کہ کچن اسیران میں جب روٹی تیار جاتی ہے تو اس کو تھیلوں میں ڈال کر ڈھانپنے کے لیے سفید رنگ کی چادریں استعمال کی جاتی ہیں جو کہ جلدی میلی ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے وزٹنگ افیسران پر اچھا تاثر نہ جاتا ہے لہذا تیار روٹیوں کے تھیلوں کو ڈھانپنے کے لیے رنگین ریشمی کپڑے کی پھول دار چادریں استعمال کریں تاکہ وہ جلد میلی نہ ہوں۔

سرکلر ہذا کی وصولی کا سرٹیفکیٹ دفتر ہذا کو فوری طور پر ارسال کریں۔

(دستخط)
ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/ شعبہ تھیکہ /2025/ 41281-88 مورخہ 09/5/25

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی۔ صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے

(دستخط)
ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner
CamScanner

Circular No. 42

**OFFICE OF THE INSPECTOR GENERAL OF PRISONS PUNJAB, LAHORE**

To

1. The Deputy Inspector General of Prisons, all Regions in the Punjab.
2. The Superintendent of all Jails in the Punjab.

Memo. No. Estt/41914—64
Dated Lahore, the 10—05—2025

Subject:- **CANCELATION OF ALL TYPE OF LEAVES.**

Please refer the subject noted above.

In view of the escalating tensions between India and Pakistan, it is imperative to adopt all necessary measures to ensure foolproof security, including the enhanced surveillance and security of prisons.

In order to meet any unpleasant and emergency situation, it has been decided that all kinds of leave i.e. earned leave, casual leave etc. already granted to Chief Warders, Head Warders and Warders are hereby withdrawn with immediate effect. The Chief Warders, Head Warders and Warders who are on leave, be directed to report for duty without any delay. It has further been directed by the Competent Authority that no casual leave or earned leave shall be granted till further order. However, in case of extreme emergency, such as death of a first -degree blood relative, maximum 03 days casual leave may be granted.

Please ensure compliance in true letter & spirit and acknowledge receipt.

D.I.G (Headquarters)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

Circular No. 43

**OFFICE OF THE INSPECTOR GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

To

1. The Deputy Inspector General of Prisons, all Regions in the Punjab.
2. The Superintendent of all Jails in the Punjab.

Memo. No. Estt/ 42361-412.
Dated Lahore, the 12-05-2025.

Subject:- **DEPLOYMENT OF ASSISTANT SUPERINTENDENT AT DIFFERENT DUTY POSITIONS**

Kindly refer to the subject noted above.

It has been observed with grave concern that Assistant Superintendents posted at the Jails often remain assigned to a single beat for extended periods without rotation. This practice contradicts established protocols, which require periodic rotation to ensure that Assistant Superintendents gain experience across all critical duty areas. The Assistant Superintendents must be rotated through different assignments such as Incharge interview shed, warrants section of Condemned / undertrial / convicted prisoners, Incharge condemned ward, Lines Officer, Incharge Central Tower, Incharge Factory, Incharge Building / Development scheme, Education, etc. The absence of such rotation leads to a lack of operational knowledge and experience, resulting in poor performance when Assistant Superintendents are promoted as Deputy Superintendents. Such state of affair clearly reflects lack of interest of Superintendent Jails in professional grooming of Assistant Superintendents, which may hamper operational efficiency. Therefore, it is imperative that immediate measures be taken to implement duty rotation as per rules to ensure readiness, versatility and effective management.

The Competent Authority has therefore, directed that the duty positions of all Assistant Superintendents must be rotated annually to ensure that they gain comprehensive experience across all operational beats. Furthermore, the specific duty positions held by each Assistant Superintendent must be incorporated in their Annual Performance Evaluation Reports. The duty roaster of Assistant Superintendent will thoroughly be examined during scheduled and surprise visits of Inspector General of Prisons. In cases where any Assistant Superintendent willfully refuses to perform his duties at a particular beat or offers unjustified excuses, a detailed report of his conduct alongwith detail of his pervious deployment must be submitted to this Inspectorate immediately for initiation of disciplinary proceedings.

Please ensure compliance of above said instructions in letter & spirit and acknowledge receipt.

**D.I.G (Headquarters)**
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

سرکلر نمبر / اسٹیبلشمنٹ / 2025 / ---44---

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: 1۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ریجن ہائے پنجاب

2۔ سپرنٹنڈنٹس جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری / اسٹیبلشمنٹ / 2025 / 42413-64 مورخہ: 12-05-2025

عنوان: **25٪ مقررکوٹہ بھرتی بطور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، وارڈر، ہیڈ وارڈر، چیف وارڈر میل / فی میل**

بحوالہ بعنوان بالا۔

اس ضمن میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب پریزن سروس رول 2025 جو کہ گورنمنٹ آف پنجاب سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ریگولیشن ونگ) سے بذریعہ نمبر SOR-III_(S&GAD)1-14/2025 مورخہ 11.04.2025 کو منظور ہو چکے ہیں۔ نئے سروس رول کے تحت 25٪ مقررہ کوٹہ برائے بھرتی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بذریعہ PPSC وارڈر، ہیڈ وارڈر اور چیف وارڈر (میل / فی میل) مختص کیا گیا ہے جو کہ حسب ذیل ہے:۔

| Sr. No. | Assistant Superintendent (BS-16) | Method of Recruitment: |
|---|---|---|
| 08 | | 25% by selection on merit from amongst Chief Warders (BS-11), Head Warders (BS-09) and Warders (BS-07) with five years' service as such and who have Bachelor's degree (second division) from a university recognized by HEC. |

مذکورہ بالا سروس رول کے پیش نظر کوئی بھی وارڈر، ہیڈ وارڈر اور چیف وارڈر (میل / فی میل) جو کہ تعلیمی قابلیت اور 05 سال سروس کی شرط پوری کرتا ہے PPSC کے امتحان دے کر Direct اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بھرتی ہونے کا اہل ہے۔ اس سلسلہ میں (115) آسامیاں برائے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ (میل) اور (11) آسامیاں برائے لیڈی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے لیے Requisition پنجاب پبلک سروس کمیشن کو جا چکی ہے جس کا اشتہار عنقریب شائع ہو جائے گا۔

لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ریجنل آفس / جیلوں میں واضح جگہوں پر نوٹس بورڈ پر جلی حروف میں نوٹس لگایا جائے تاکہ جو ملازمین مذکورہ بالا Criteria تعلیمی قابلیت اور 05 سال سروس پوری کرتے ہیں وہ PPSC میں اشتہار شائع ہونے پر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کی آسامی کے لیے اپنی درخواستیں بروقت دے سکیں۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

سرکلر نمبر 45

منجانب:

انسپکٹر جنرل جیل خانہ پنجاب لاہور

بجانب:

1. ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

لاہور، راولپنڈی، ساہیوال، فیصل آباد، سرگودھا، بہاولپور، ملتان و ڈی جی خان ریجن

2. سپرنٹنڈنٹس صاحبان جیل خانہ جات پنجاب

چٹھی نمبر/ ہیلتھ/2025/ 44427-77 مورخہ 19-05-2025

عنوان: **تحفظ اسیران وملازمین شدید گرمی**

بحوالہ دفتر ہذا کا سرکلر نمبر 40/2025 اور چٹھی نمبر/ ہیلتھ/202-41195 مورخہ 09.05.2025 بعنوانِ بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ آنے والے دنوں میں شدید گرمی/ حبس بڑھنے کی اطلاعات ہیں۔ دفتر ہذا نے اس سلسلہ میں لو/ Heat Stroke سے بچاؤ کے لیے مندرجہ بالا لیٹر کے تحت ہدایات جاری کی گئیں ہیں۔ مزید درج ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں جس پر فوری عمل درآمد کیا جائے تا کہ اسیران وملازمین کو گرمی کی شدت سے بچایا جا سکے۔

1. وہ ملازمین جو مین وال کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں ان کو Umbrella یا Floppy Hat کے بغیر ڈیوٹی پر جانے کی اجازت نہ دی جائے۔
2. اسیران کی نگرانی پر مامور اہلکاران کو بھی Umbrella Hat پہنائی جائے تا کہ اسیران وملازمین کو شدید گرمی سے بچایا جا سکے۔
3. وہ ملازمین جو واچ ٹاور اور مین وال کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں ان کو چھوٹے (Portable) واٹر کولر (جس میں ٹھنڈا پانی اور برف ہو اور ساتھ پلاسٹک کا گلاس بھی موجود ہو) کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
4. وہ ملازمین جو واچ ٹاور پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں وہاں بریکٹ فین کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
5. ہر جیل میں ہیٹ سٹروک روم کا قیام عمل میں لایا جائے اور ہیٹ سٹروک روم میں آئس باکس اور آئس ہمہ وقت مناسب مقدار میں موجود ہونی چاہیے۔
6. جیل رولز 991 کے تحت ہیٹ سٹروک سے متاثرہ اسیران وملازمین کو فوری طور پر ہیٹ سٹروک روم میں شفٹ کیا جائے اور مناسب علاج معالجہ کیا جائے۔
7. مناسب مقدار میں ORS / Normal Sline Infusions اور جان بچانے والی ادویات وطبی آلات جیل ہسپتال میں موجود رکھیں تا کہ ایمرجنسی کی صورت میں استعمال میں لائے جاسکیں۔
8. جو اسیران کچن، اندرون پنجہ، بیرون پنجہ میں کام کرتے ہیں اور جو وارڈرز مین وال کے ساتھ دن کے اوقات میں تعینات ہیں ان کو دن میں ایک دفعہ کچی لسی جس کی مقدار کم از کم 200 ملی لیٹر دودھ + 1/4 چائے کا چمچ نمک +1/4 برف اور پانی 500ml فی نفر روزانہ کی بنیاد پر فراہم کیا جائے۔
9. یہ ہدایات 31 جولائی 2025 تک نافذ العمل ہیں۔

ان ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور compliance رپورٹ / سرٹیفکیٹ دو دن کے اندر ہیڈ آفس بھجوائیں۔

19/5/25

ٹیکنیکل آفیسر (ہیلتھ)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/اسٹیبلشمنٹ/2025/-----70-----

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: 1۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ریجن ہائے پنجاب

2۔ سپرنٹنڈنٹس جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 46684-735 مورخہ 26-05-2025

عنوان: **سالانہ پرفارمنس رپورٹس اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ (OPS)**

بحوالہ بعنوان بالا۔

مشاہدہ میں آیا ہے کہ چیف وارڈر جو کہ بطور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ u/s 9 of PCS, Act 1974 ڈیوٹی کے فرائض مختلف دفاتر / جیلوں پر سرانجام دے رہے ہیں۔ ان اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس کی پروموشن بطور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ (ریگولر) کے لیے سالانہ پرفارمنس رپورٹ طلب کی جاتی ہیں تو وہ ریڈ فارم پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کی طرف سے Initiate اور سپرنٹنڈنٹس کی طرف سے Countersigned کروا کے بھجوادی جاتی ہیں جو کہ قواعد کے برعکس ہے۔ نیز یہ کہ ان کی تعیناتی کے عرصہ کے مطابق بھی متعلقہ آفیسران سے Initiate / Countersigned نہیں کروائی جاتی۔ DPC کے وقت جب ان کے پوسٹنگ پروفائل کے مطابق ACRs مکمل نہ ہوتی ہیں تو DPC کی میٹنگ ملتوی ہو جاتی ہے۔

لہٰذا مجاز اتھارٹی کی طرف سے آپکو ہدایت کی جاتی ہے کہ آئندہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ (OPS) کی ACRs ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی بجائے سپرنٹنڈنٹ جیل Initiate کرے گا اور متعلقہ ریجن کے معزز DIG صاحب Countersigned کریں گے۔ نیز اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس کی ACRs انکی پوسٹنگ کی تاریخوں کے مطابق تیار کر کے دفتر ہذا کو بھجوائی جائیں تا کہ آئندہ DPC میٹنگ ملتوی ہونے کا خدشہ نہ رہے۔

مذکورہ بالا ہدایات پر من وعن عمل درآمد کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

سرکلر نمبر/2025/ 47

منجانب: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ ریجنل ڈی۔ آئی۔ جی صاحبان ہائے پنجاب

جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹیکنیکل/2025/ 944-46894 مورخہ 27-05-2025

عنوان: - خصوصی ہدایات بابت سٹاف آٹا چکی و گریڈر (چھانا)

اس ضمن میں تحریر ہے کہ گزشتہ روز پہلے تمام جیلوں سے سٹاف جو آٹا چکی و گریڈر (چھانا) کو آپریٹ اور انکی صفائی ستھرائی پر معمور ہیں۔ اور ان کے متبادل کی فہرستیں منگوائی گئی تھیں جس کا مشاہدہ کرنے کے بعد مجاز اتھارٹی نے مندرجہ ذیل ہدایات جاری کی ہیں۔

(I) وہ سٹاف جنکی ڈیوٹی آٹا چکی و گریڈر کو آپریٹ اور صفائی ستھرائی پر لگائی گئی ہے اور جو سٹاف ان کا متبادل ہے انکی ڈیوٹی ہرگز تبدیل نہ کی جائے گی۔

(II) متعلقہ سٹاف کی ٹرانسفر / پوسٹنگ اگر انتظامی امور پر کرنا درکار ہو تو اس کی پیشگی اجازت بمع مکمل ثبوت مجاز اتھارٹی سے لینی ہوگی۔

(III) متعلقہ سٹاف آٹا چکی و گریڈر کی مکمل صفائی ستھرائی کا ذمہ دار ہونگے۔

(IV) نیز آٹا پیسنے والی چکی کے کمرے میں تعینات سٹاف شلوار قمیض کی بجائے لازمی طور پر ٹراؤزر اور ٹی شرٹ پہنے گا تاکہ موٹر اور بیلٹ کے چلنے کے دوران کپڑے بیلٹ میں پھنس کر زخمی ہونے یا خدانخواستہ کسی بڑے نقصان کا احتمال نہ رہے۔

(V) تمام ڈی۔ آئی۔ جی صاحبان / سپرنٹنڈنٹ جیلز مذکورہ سٹاف کی لسٹ علیحدہ سے مرتب کریں تاکہ معمول تبادلہ جات میں ان کے نام نہ ڈالے جائیں۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹیکنیکل/2025/ 46945 مورخہ 27-05-2025

1۔ کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی انچارج اسٹیبلشمنٹ برانچ دفتر ہذا۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/انڈسٹری/2025/ 48

چٹھی نمبری/انڈسٹری/2025/ 47216-59

دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

مورخہ لاہور 27/5/25

بجانب

جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز ہائے پنجاب

عنوان:- **خصوصی ہدایات برائے لیبر برائے ڈویلپمنٹ سکیمز اندرون جیل**

بحوالہ دفتر ہذا کی چٹھی نمبری/شعبہ بلڈنگ/2025/83-15942 مورخہ 18.02.2025 بعنوان بالا۔

درج بالا چٹھی/سرکلر کے تحت تمام جیلوں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ پنجاب کی جیلوں کے اندر ترقیاتی کاموں/جاری ڈویلپمنٹ سکیموں میں مزدوری کے لیے پاکستان پریزن رولز کے قاعدہ نمبر (III)827 کے تحت جیل کے اندر سے قیدیوں کو معمور کیا جائے اور کوئی بھی مزدور باہر سے جیل کے اندر مزدوری کے لیے داخل نہ ہو تاہم جیل کے اندر ٹیکنیکل لیبر موجود نہ ہونے کی صورت میں باہر سے منگوائی جا سکتی ہے۔لہٰذا درج ذیل ہدایات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے:-

1. سپرنٹنڈنٹ جیل روزانہ کی بنیاد پر مطلوبہ تعداد میں لیبر اسیران کی رضامندی سے ٹھیکیدار کو فراہم کرے گا جو کہ باہمی اتفاق رائے سے منتخب کی جائے گی۔
2. مستری کی یومیہ اجرت -/1400 روپے ہو گی جبکہ مزدور کی یومیہ اجرت -/900 روپے ہو گی۔ تاہم حکومت کی جانب سے مزدوری میں اضافہ ہونے کی صورت میں جیل کے اندر مستری اور مزدور کی یومیہ اجرت بھی بڑھائی جائے گی۔
3. ٹھیکیدار قیدیوں کی اجرت ہر قیدی کے اکاؤنٹ میں جمع کروا کر رسید ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈویلپمنٹ) کو جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ رسید کو باقاعدہ ریکارڈ میں محفوظ کیا جائے گا۔
4. ٹھیکیدار اجرت کا ایک رجسٹر بھی تیار کرے گا جس میں ہر اسیر کی یومیہ اجرت کا ریکارڈ درج کرے گا۔ جس پر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل روزانہ کی بنیاد پر دستخط کرے گا جبکہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈویلپمنٹ) اس پر کاؤنٹر سائن کرنے کے بعد سپرنٹنڈنٹ جیل کو بھجوائے گا۔
5. قیدی لیبر صرف جیل کی چار دیواری (کوٹ موقعہ) کے اندر جاری ڈویلپمنٹ سکیموں کے لیے فراہم کی جائے گی جبکہ جیل کی چار دیواری (کوٹ موقعہ) سے باہر جاری ڈویلپمنٹ سکیموں کے لیے لیبر فراہم نہ کی جائے گی۔
6. لیبر کا دورانیہ صبح 08:00 بجے سے شام 05:00 بجے تک ہو گا جس میں 01 گھنٹہ آرام اور کھانے کا وقفہ ہو گا۔

مزید وصولگی سے صدر دفتر کو مطلع کیا جائے۔

اے آئی جی (انڈسٹری)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/انڈسٹری/2025/ 47260-68 مورخہ، لاہور 27/5/25

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی آئی جی صاحبان ریجنز ہائے پنجاب مرسل ہووے۔

اے آئی جی (انڈسٹری)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

Circular No. 49/2025

**OFFICE OF THE INSPECTOR GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

To

1. The Deputy Inspector General of Prisons,
all Regions in the Punjab.

2. The Superintendent of all Jails in the Punjab.

Memo. No. Estt/ 47100-151
Dated Lahore, the 27-05-2025

Subject:- **ISSUANCE OF NOC FOR NEWLY APPOINTED WARDERS**

Kindly refer to the subject noted above.

It has been observed with grave concern the Punjab Prisons Department is already facing acute shortage of watch & ward staff as 1/3rd posts of warders are lying vacant at present and the Government of the Punjab has imposed ban on fresh recruitment. Whereas, the Superintendent Jails are continuously issuing No Objection Certificates (NOCs) to the Warders for their appointments in other Department without observing rules / policy. In this regard, the following instructions are hereby issued for strict compliance:-

i. The newly recruited warders cannot be granted NOCs as per their affidavit wherein, it is clearly mentioned that they will not submit any application for NOC for their appointments in other Department during probation period i.e. 02-years. The relevant clause is also reproduced as under:-

"مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ محکمہ جیل خانہ جات میں دو سال تک ملازمت نہ چھوڑوں گا۔ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دونگا۔ اور کسی دیگر محکمہ میں بھرتی کے لیے اپلائی نہ کرونگا۔

ii. The Warders applying for No Objection Certificate (NOC) for positions of equivalent rank, such as Constable (BS-07) in Punjab Police & Highway Police etc. their request must also be denied as per rules / policy.

iii. However, in extreme cases where NOC is required to be issued for higher post / higher pay scale, prior approval must be obtained from Inspectorate of Prisons Punjab Lahore.

Please ensure compliance of above instructions in true letter & sprit and acknowledge receipt.

D.I.G (Headquarters)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore